شورش کاشمیری

مرسلہ: شیخ حسین اختر لدھیانوی

بازارِ سیاست

صرصر ہے یا بادِ صبا ہے اُف ری تمنا ہائے سیاست
دشت و چمن میں حشر بپا ہے اُف ری تمنا ہائے سیاست

وائے زمانہ حدِ نظر تک روک لیا حالات نے رستہ
سوچ رہا ہوں بات یہ کیا ہے اُف ری تمنا ہائے سیاست

منبر و مسجد جادہ و منزل دیر و حرم، کعبہ و کلیسا
ہر جانب دھوکا ہے دغا ہے اُف ری تمنا ہائے سیاست

آؤ چلیں تقدیر کو لے کر راہبروں سے کیا لینا ہے
راہزنوں نے گھیر لیا ہے اُف ری تمنا ہائے سیاست

ملاحوں سے کیا شکوئی ہو جب اپنی تقدیر یہی تھی
خود ہی سفینہ ڈوب رہا ہے اُف ری تمنا ہائے سیاست

کچھ غمِ دوراں کچھ غمِ جاناں، کچھ غمِ منزل کچھ غمِ جادہ
ٹوٹا ہوا دل نالہ سرا ہے اُف ری تمنا ہائے سیاست

لالہ و گل میں کیا رکھا ہے سرو و سمن میں آگ لگا دو
فطرت نے اعلان کیا ہے اُف ری تمنا ہائے سیاست

دور شفق کا سرخ جزیرہ آگ کے پرچم کھول رہا ہے
دھرتی سے طوفان اٹھا ہے اُف ری تمنا ہائے سیاست

ہم دل ریش مسافر شورش ہر نگری میں گھوم چکے ہیں
یہ منزل، یہ راہ نما ہے، اُف ری تمنا ہائے سیاست